دار الافتاء اہلسنّت (دعوتِ اسلامی)
Dar-ul-ifta Ahl-e-sunnat

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

حالت روزہ میں ٹوتھ پیسٹ کرنا کیسا؟

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ روزہ کی حالت میں ٹوتھ پیسٹ کرنا کیسا ہے؟

سائل: محمد دانیال رضا(ڈڈیال، کشمیر)

بسمِ اللہ الرَّحمنِ الرَّحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللّٰھم ھدایۃ الحق والصواب

روزہ کی حالت میں ٹوتھ پیسٹ کرنا اگرچہ ناجائز وحرام نہیں، مگر بلاضرورتِ صحیحہ مکروہ ضرور ہے۔

سیدی اعلیٰ حضرت امامِ اہلِ سنّت الشاہ امام احمد رضا خان عَلَیْہِ رَحمَۃُ الرَّحْمٰن (المتوفی 1340ھ) اسی طرح کے سوال کے جواب میں ارشاد فرماتے ہیں: ''منجن ناجائز وحرام نہیں جبکہ اطمینانِ کافی ہو کہ اس کا کوئی جزو حلق میں نہ جائے گا، مگر بے ضرورتِ صحیحہ کراہت ضرور ہے۔ درِّ مختار میں ہے: ''کرہ لہ ذوق شیء۔۔۔الخ'' یعنی روزہ دار کو کسی چیز کا چکھنا مکروہ ہے۔''

(فتاویٰ رضویہ، جلد10، صفحہ551، رضافاؤنڈیشن، لاھور)

چونکہ ٹوتھ پیسٹ میں زیادہ امکان ہے کہ کوئی جزو اندر چلا جائے، اس لیے روزہ کی حالت میں اس سے ضرور احتراز کیا جائے۔

سیدی اعلیٰ حضرت امامِ اہلِ سنت الشاہ امام احمد رضا خان عَلَیْہِ رَحمَۃُ الرَّحْمٰن فرماتے ہیں: ''روزہ میں منجن ملنا نہ چاہیے۔''

(فتاویٰ رضویہ، جلد10، صفحہ511، رضافاؤنڈیشن، لاھور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

کتبـــــــــــہ

مفتی محمد قاسم عطاری

21 صفر المظفر 1435ھ 25 دسمبر 2013ء

خوفِ خدا و عشقِ مصطفےٰ کے حصول کیلئے ہر ہفتے کو عشاکی نماز کے بعد امیرِ اہلِ سنّت کا مدنی مذاکرہ دیکھنے سننے اور ہر جمعرات مغرب کی نماز کے بعد عاشقانِ رسول کی مدنی تحریک، دعوتِ اسلامی کے ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع میں بہ نیتِ ثواب ساری رات گزارنے کی مدنی التجاء ہے

نوٹ! دارالافتاء اہلسنت کی جانب سے وائرل ہونے والے کسی بھی فتوے یا تحریر کی تصدیق دارالافتاء اہلسنت کے آفیشل پیج daruliftaahlesunnat کے ذریعے کی جاسکتی ہے۔